# پبلک نوٹس

تجاویز ٹیکسیشن پروگرام تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن منکیرہ ضلع بھکر ہر گاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن منکیرہ ضلع بھکر نے پنجاب لوکل گورنمنٹ آرڈیننس 2001 کی دفعہ 116 باب 12 سیکنڈ شیڈول پارٹ -II باب نمبر 5 کی دفعہ 54 (ایل) باب نمبر 6 کی دفعہ 67 (1) باب نمبر 19 کی دفعہ 192 کے تحت درج ذیل ٹیکسز فیسز ، ریٹس کا نفاذ یکم جولائی 2014ء سے کرنا چاہتی ہے جس کے مطابق تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن منکیرہ مندرجہ ذیل مدات آمدن ٹیکسز فیسز ، واٹر ریٹ میں اضافہ کے علاوہ نئے ٹیکس لاگو کر رہی ہے ۔اس سے ہونے والی آمدن سے ترقیاتی منصوبہ جات کی تکمیل کے علاوہ عوام کی فلاح و بہبود پر خرچ ہوں گے ۔

اس ضمن میں کسی فرم، کمپنی، شخص یا کسی ادارہ کو کوئی اعتراض ہو تو درج ذیل ٹیکسیشن پروگرام کے مطابق مقررہ تاریخ تک تحریری طور پر دے سکتا ہے ۔بعد ازاں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا ۔مزید معلومات کے لئے دفتری اوقات کار میں دفتر تحصیل آفیسر (ریگولیشن) سے لی جا سکتی ہیں ۔علاوہ ازیں TMA منکیرہ نے ماڈل بائی لاز بابت سلاٹر ہاؤس، بگھداشت 2014ء مرتب کیے ہیں جن کی تفصیل دفتری اوقات کار دفتر تحصیل آفیسر (ریگولیشن) میں ملاحظہ کی جا سکتی ہے ۔اگر اس ضمن میں اعتراضات کیے جانے مقصود ہوں تو درج ذیل شیڈول پروگرام کے تحت داخل کرائے جا سکتے ہیں ۔

## ٹیکسیشن پروگرام

1۔ اعتراض، تجویز وصول کرنے کی آخری تاریخ — 24-5-2014

2۔ اعتراضات پر سماعت — 26 to 29-5-2014

3۔ سماعت کے بعد سب کمیٹی کی رپورٹ — 30-5-2014

4۔ حتمی منظوری — 31-5-2014

5۔ نفاذ کی تاریخ — 01-7-2014

شیڈول کی نفاذ کی تفصیل درج ذیل ہے ۔

### فہرست تفصیل اضافہ ٹیکسز / فیس ہائے / ریٹس TMA منکیرہ

| نمبر شمار | تفصیل کاروبار | موجودہ شرح | مجوزہ شرح |
|---|---|---|---|
| 1 | میڈیکل سٹور ہر قسم | Nil | 2000 روپے سالانہ |
| 2 | پنسار سٹور ہر قسم | Nil | 1500 روپے سالانہ |
| 3 | اضافی استعمال میں فروٹ کی اشیاء سے تیاری | Nil | 300 روپے سالانہ |
| 4 | بیکری میں اشیاء کرنا بفروخت کرنا | 300 | 1000 روپے سالانہ |
| 5 | نان، روٹی تیار کرنا بیچنا | Nil | 200 روپے سالانہ |
| 6 | الیکٹروپلیٹنگ کرنا ملمع سازی، قلعی کرنا | Nil | 500 روپے سالانہ |
| 7 | بیکری سے بنی اشیا فروخت کرنا | Nil | 500 روپے سالانہ |
| 8 | ویلڈنگ سے بڑائی تھریشر و دیگر آلات زرعی | 200 | 2000 روپے سالانہ |
| 9 | ویلڈنگ سے گیٹ، دروازہ، کھڑکیاں تیار کرنا | 200 | 2000 روپے سالانہ |
| 10 | موم بتی، صابن، چربی، ہڈیاں اور اس کا سامان | 300 | 800 روپے سالانہ |
| 11 | تیل نکالنا، سٹور کرنا، کولہو مشین | 200 | 500 روپے سالانہ |
| 12 | چکی آٹا | 250 | 800 روپے سالانہ |
| 13 | ایک جگہ چکی آٹا، کولہو پیلجہ وغیرہ | 400 | 1500 روپے سالانہ |
| 14 | نمک، مرچ، مصالحے کی پسائی مشین | 200 | 500 روپے سالانہ |
| 15 | تمباکو سٹور کرنا بفروخت کرنا | 200 | 700 روپے سالانہ |
| 16 | ٹرنک، بکس لوہے کی الماریاں تیار کرنا بفروخت کرنا | 300 | 1000 روپے سالانہ |
| 17 | شیشہ کا کام اور فروخت کرنا | 200 | 500 روپے سالانہ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 18 | خوانچہ، چھابڑی پھلوں کی | 200 | 500 روپے سالانہ |
| 19 | وہ کاروبار جس کا شیڈول میں ذکر نہ ہے | Nil | 500 روپے سالانہ |
| 20 | پتھر سے اشیاء بنانا، فروخت کرنا | 200 | 500 روپے سالانہ |
| 21 | جانوروں کے خون سے اشیا کی تیاری، سٹور کرنا | 300 | 1000 روپے سالانہ |
| 22 | پالتو کتوں کی رجسٹریشن/ٹوکن فیس | - | 500 روپے سالانہ |

## مشتہری ٹیکس

| نمبر شمار | نام کاروبار | موجودہ شرح | مجوزہ شرح |
|---|---|---|---|
| 1 | سائن بورڈ، ہورڈنگ، بل بورڈ سادہ | 10/- روپے فی مربع فٹ سالانہ | 50/- روپے فی مربع فٹ سالانہ |
| 2 | سائن بورڈ، ہورڈنگ، بل بورڈ الیکٹرانک | 10/- روپے فی مربع فٹ سالانہ | 50/- روپے فی مربع فٹ سالانہ |

## واٹر ریٹ

| نمبر شمار | نام کاروبار | موجودہ شرح | مجوزہ شرح |
|---|---|---|---|
| 1 | واٹر ریٹ گھریلو کنکشن اربن ایریا | 50/- روپے ماہوار | 120/- روپے ماہوار |
| 2 | کمرشل کنکشن | 100/- روپے ماہوار | 200/- روپے ماہوار |
| 3 | گھریلو کنکشن رورل ایریا | 30/- روپے ماہوار | 100/- روپے ماہوار |
| 4 | کمرشل کنکشن | 60/- روپے ماہوار | 200/- روپے ماہوار |
| 5 | قیمت فارم درخواست | 40/- روپے | 100/- روپے |
| 6 | سیکورٹی فیس گھریلو، اربن، رورل | 300/- روپے | 600/- روپے |
| 7 | سیکورٹی فیس کمرشل، اربن، رورل | 500/- روپے | 1000/- روپے |
| 8 | منتقلی واٹر کنکشن فیس | 100/- روپے | 500/- روپے |
| 9 | منقطعہ بحالی فیس | 100/- روپے | 300/- روپے |
| 10 | روڈ کٹ فیس پختہ سڑک کے علاوہ | 200/- روپے | 50/- روپے مربع فٹ |
| 11 | روڈ کٹ پختہ سڑک | 20/- روپے مربع فٹ | 100/- روپے مربع فٹ |

## تفریح ٹیکس

| نمبر شمار | نام کاروبار | موجودہ شرح | مجوزہ شرح |
|---|---|---|---|
| 1 | سرکس عام | 150/- روپے یومیہ | 1000/- روپے یومیہ |
| 2 | تھیٹر | 250/- روپے یومیہ | 500/- روپے یومیہ |
| 3 | موت کا کنواں | 200/- روپے یومیہ | 500/- روپے یومیہ |
| 4 | چڑیا گھر | 200/- روپے یومیہ | 300/- روپے یومیہ |
| 5 | سٹیج ڈرامہ | 100/- روپے یومیہ | 1000/- روپے یومیہ |
| 6 | میلہ میں لگائے گئے سٹالز ہر قسم | 500/- روپے یومیہ | 500/- روپے یومیہ |
| 7 | سائیکل شو | 100/- روپے یومیہ | 500/- روپے یومیہ |
| 8 | جھولا جات مینویل | 100/- روپے یومیہ | 150/- روپے یومیہ |

## نقول فیس

| نمبر شمار | نام کاروبار | موجودہ شرح | مجوزہ شرح |
|---|---|---|---|
| 1 | نقل جملہ جات کاغذات اُردو | -/50 روپے فی صفحہ | -/100 روپے فی صفحہ |
| 2 | نقل جملہ جات کاغذات انگریزی | -/60 روپے فی صفحہ | -/150 روپے فی صفحہ |
| 3 | نقل نقشہ فیس | -/100 روپے فی صفحہ | -/300 روپے فی صفحہ |

## مذبحہ فیس

| نمبر شمار | نام کاروبار | موجودہ شرح | مجوزہ شرح |
|---|---|---|---|
| 1 | مذبحہ فیس بڑا جانور گائے، بھینس وغیرہ | -/12 روپے فی راس | -/100 روپے فی راس |
| 2 | مذبحہ فیس چھوٹا جانور بھیڑ، بکری وغیرہ | -/9 روپے فی شاخ | -/50 روپے فی شاخ |
| 3 | مرغی فروش، زندہ / گوشت | Nil | -/500 روپے سالانہ |
| 4 | رجسٹریشن فیس سلاٹر ہاؤس | - | -/2000 روپے سالانہ |

## جائیداد ٹیکس

| نمبر شمار | نام کاروبار | موجودہ شرح | مجوزہ شرح |
|---|---|---|---|
| 1 | ٹیکس بر منتقلی جائیداد غیر منقولہ | 1 % | 2 % |

## بلڈنگ پلان فیس / نقشہ فیس

| نمبر شمار | نام کاروبار | موجودہ شرح | مجوزہ شرح |
|---|---|---|---|
| 1 | فیس تعمیرات سنگل سٹوری | -/500 روپے | -/10 روپے فی مربع فٹ کورڈ ایریا |
| 2 | فیس تعمیرات سنگل سٹوری | -/1000 روپے | - |
| 3 | فیس تعمیرات ڈبل سٹوری | -/750 روپے | -/7 روپے فی مربع فٹ کورڈ ایریا |
| 4 | فیس تعمیرات ڈبل سٹوری | -/1500 روپے | - |
| 5 | فیس تعمیرات سنگل سٹوری (1 کنال یا زائد) | -/2000 روپے | - |
| 6 | فیس تعمیرات ڈبل سٹوری (1 کنال یا زائد) | -/4000 روپے | - |
| 7 | فیس تعمیرات شاپنگ سنٹر / پلازہ / مکان فی عدد / فی منزلہ | -/500 روپے | -/15 روپے فی مربع فٹ کورڈ ایریا |
| 8 | فیس تعمیرات شاپنگ سنٹر / پلازہ / مکان فی عدد / ڈبل سٹوری | - | -/10 روپے فی مربع فٹ کورڈ ایریا |

## سمجھوتا پلان

| نمبر شمار | نام کاروبار | موجودہ شرح | مجوزہ شرح |
|---|---|---|---|
| 1 | رہائشی جرمانہ علاوہ اصل فیس | -/500 روپے | -/1000 روپے |
| 2 | کمرشل جرمانہ علاوہ اصل فیس | -/1000 روپے | -/2000 روپے |
| 3 | ٹاؤن پلاننگ سکیم، ہاؤس سکیم علاوہ اصل فیس | -/3000 روپے | -/10000 روپے |

## منڈی مویشیاں

| نمبر شمار | نام کاروبار | موجودہ شرح | مجوزہ شرح |
|---|---|---|---|
| 1 | احاطہ منڈی مویشیاں منکیرہ، حیدرآباد تھل چک 67/ML میں مویشیوں کی خرید و فروخت | 6 % | 6 % |

## پارکنگ فیس

| نمبر شمار | نام کاروبار | موجودہ شرح | مجوزہ شرح |
|---|---|---|---|
| 1 | بس ایئر کنڈیشن | -/10 روپے | -/200 روپے |
| 2 | بس | -/10 روپے | -/150 روپے |
| 3 | کوسٹر | -/10 روپے | -/100 روپے |
| 4 | کوچ | -/10 روپے | -/80 روپے |

## رینٹ ہال TMA منکیرہ

| نمبر شمار | نام کاروبار | موجودہ شرح | مجوزہ شرح |
|---|---|---|---|
| 1 | رینٹ TMA منکیرہ ہال | - | -/5000 روپے یومیہ کرایہ |

## رینٹ واٹر ٹینکی TMA منکیرہ

| نمبر شمار | نام کاروبار | موجودہ شرح | مجوزہ شرح |
|---|---|---|---|
| 1 | ٹینکی پانی والی معہ ٹریکٹر، بھرائی، چھڑکاؤ اربن ایریا | - | 2500 روپے فی ٹینکی |
| 2 | ٹینکی پانی والی بغیر ٹریکٹر، بھرائی، چھڑکاؤ اربن ایریا | - | 1000 روپے فی ٹینکی |
| 3 | ٹینکی پانی والی بھرائی، چھڑکاؤ رورل ایریا | - | 4000 روپے فی ٹینکی |

# ٹینڈر نوٹس

تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن منکیرہ ضلع بھکر کے منظور شدہ ٹھیکیداران جنہوں نے موجودہ مالی سال 14-2013 کے لئے رجسٹریشن / تجدید کروالی ہے ان سے مارکیٹ ریٹ سسٹم پر درج ذیل کاموں کے لئے MRS یکم فروری تا جولائی 2014ء سے کم یا زائد کی بنیاد پر سربمہر ٹینڈر مطلوب ہیں۔ ٹینڈر اشاعت اخبار سے 15 دن بعد حاضر آمدہ ٹھیکیداران کی موجودگی میں گورنمنٹ کی تشکیل کردہ ٹینڈر اوپن کمیٹی کے روبرو مورخہ 06-5-2014 کو بوقت 1:00 بجے دن کھولے جائیں گے۔ تخمینہ جات کی تصریحات و دیگر تفصیلات دفتری اوقات کے دوران دفتر تحصیل آفیسر (I&S) ٹی۔ایم۔اے۔منکیرہ سے ملاحظہ کی جا سکتی ہیں ٹینڈر تشہیر اشتہار ہذا کے بعد لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈیویلپمنٹ پنجاب کی ویب سائٹ سے آخری مقررہ تاریخ تک حاصل کیے اور دفتر میں موجود سیل شدہ ٹینڈر باکس میں اپنے ریٹ لکھ کر دفتر اوقات کار میں ڈال سکتے ہیں شرائط: (i) ٹینڈر کے ساتھ ثبوت رجسٹریشن کی تصدیق شدہ کاپی / مطلوبہ زرضمانت 2% کال ڈیپازٹ کی صورت میں جو کہ کسی بھی شیڈول بنک کی ہولڈ کرنا ہوگی۔ بغیر C.D.R والا ٹینڈر شامل نہ کیا جائے گا۔ (ii) مشکوک / مشروط / بذریعہ ڈاک بھیجے گئے ٹینڈر قابل قبول نہ ہوں گے۔ (iii) کامیاب ٹھیکیداران کو اندر سات (7) یوم پرفارمنس سیکورٹی 10 فیصد کے حساب سے جمع کروانا ہوگی اور جو کہ بعد از تکمیل کام واپس کی جائے گی۔ عدم تعمیل کی صورت میں CDR2% بحق محکمہ ضبط کر لی جائے گی اور ٹھیکہ اس کے نام کینسل کر دیا جائے گا۔ علاوہ ازیں بھی گورنمنٹ کے مروجہ قوانین نافذ العمل ہونگے۔ (iv) زیر دستخطی کو حق حاصل ہوگا کہ بغیر وجہ بتائے کوئی ایک یا تمام ٹینڈر منظور یا منسوخ کرے۔

نوٹ: 1۔ ان ٹینڈرز پر پنجاب تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (ورکس) رولز مجریہ 14 اپریل 2003 اور پیپرا رول 2009 کا اطلاق ہوگا۔

2۔ جن ٹھیکیداروں نے پچھلے سال کام مکمل نہ کئے اور کارکردگی ٹھیک نہ تھی کے ٹینڈر قابل غور نہ ہوں گے۔

| نمبر شمار | نام سکیم | تخمینہ لاگت | زرضمانت | مدت تکمیل |
|---|---|---|---|---|
| 1 | تعمیر پی سی سلیب از مکان مراد والیتا مکان حاجی محمد محلہ اسلام پورہ | 2.50 لاکھ | 5000 روپے | بمطابق ورک آرڈر |
| 2 | تعمیر پی سی سلیب و نالیاں جھمٹی روڈ تا مکان عبدالرحمن منکیرہ | 1.90 لاکھ | 3800 روپے | ایضاً |
| 3 | تعمیر پی سی سلیب مکان ڈشیر گوندل تا عبداللہ خان گوہروالا | 2.00 لاکھ | 4000 روپے | ایضاً |
| 4 | بچھانا سیور لائن واٹر سپلائی پائپ لائن از اقبال گیٹ تا مکان خالد باجوہ منکیرہ | 1.50 لاکھ | 3000 روپے | ایضاً |
| 5 | تعمیر پی پی سی گوہروالا روڈ تا گلی نوبہار شاہ منکیرہ | 10.57 لاکھ | -/21140 روپے | ایضاً |
| 6 | Rising پختہ سڑک موڑ گھر حافظ زبیر تا چکی خادم والی و سیور لائن بار استہ چکی خادم تا جھمٹی روڈ منکیرہ | 34.17 لاکھ | -/68340 روپے | ایضاً |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 7 | تعمیر سولنگ گلی ڈاکٹر ذوالفقار تلن | 7 لاکھ | 14000/- روپے | ایضاً |
| 8 | تعمیر سٹیج میلہ گراؤنڈ منکیرہ | 2.71 لاکھ | 5420/- روپے | ایضاً |
| 9 | تعمیر سولنگ گلی نواز ڈھول تا ملک رب نواز ڈھول وگ صدر | 3 لاکھ | 6000/- روپے | ایضاً |
| 10 | تعمیر پل بر نورنگ نالہ II آر بی جی نمبر RD-27 موضع تلن | 8 لاکھ | 16000/- روپے | ایضاً |
| 11 | تعمیر پی سی/سولنگ گلی جامع مسجد حقانی وگ صدر | 4 لاکھ | 8000/- روپے | ایضاً |

## نیلام عام متفرق ٹھیکہ جات برائے سال 2014-15 TMA منکیرہ

ہر گاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن منکیرہ اپنے ذرائع آمدن / ٹھیکہ جات بابت سال 2014-15 مورخہ 06-5-2014 بوقت 11 بجے دن بمقام دفتر تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن منکیرہ میں سر عام نیلام کر رہی ہے وہ ٹھیکیداران جنہوں نے اپنی رجسٹریشن بابت سال 2013-14 کاروائی ہو وہ اس نادر موقع سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

## مختصر شرائط ٹھیکہ حسب ذیل ہیں۔

۱۔ ہر بولی دہندہ اپنا قومی شناختی کارڈ کی مصدقہ نقل جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

۲۔ بلیک لسٹ اور TMA کا کوئی بقایادار بولی میں حصہ نہیں لے گا۔

۳۔ ٹھیکیدار زر نیلام کے علاوہ حکومت کی طرف سے عائد کردہ انکم ٹیکس اور پروفیشنل ٹیکس وغیرہ بھی ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

۴۔ اخبار اشتہار میں درج ذیل زر ضمانت بول دینے بولی دینے سے قبل جمع کروانی ضروری ہے۔

۵۔ کامیاب بولی دہندہ بعد از منظوری ٹھیکہ 1/10 حصہ زر نیلام یک پیشگی قسط اندر 3 یوم جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

۶۔ ٹھیکیدار بقایا رقم دس مساوی اقساط میں جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

۷۔ چارج لینے سے قبل ٹھیکیدار کو کل زر نیلام کی رقم کے برابر کم از کم دو شخصی ضامن یا بنک گرنٹی مہیا کرنی ہوگی۔ ٹھیکیدار کے نادہندہ ہونے کی صورت میں ذاتی طور پر بقایا جات اور واجبات کی ادائیگی کے ذمہ دار ہوں گے۔

۸۔ تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن اگر ٹیکسز / فیسز میں اضافہ کرتی ہے تو ٹھیکیدار اضافے کی نسبت سے ٹھیکے میں اضافہ کیا جائے گا۔ جس کا ٹھیکیدار پابند ہوگا۔ مزید معلومات دفتری اوقات کار میں دفتر تحصیل آفیسر (فنانس) سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

### تحصیل ٹھیکہ جات

| نمبر شمار | نام ٹھیکہ | ریزرو پرائس | زر ضمانت | میعاد ٹھیکہ |
|---|---|---|---|---|
| 1 | پارکنگ فیس | 7,06,500/- | 35,400/- | 01-7-2014 تا 30-6-2015 |
| 2 | مشتہری فیس | 3,20,000/- | 16,000/- | ایضاً |
| 3 | سلاٹر ہاؤس منکیرہ / حیدر آباد | 13,000/- | 1,000/- | ایضاً |
| 4 | گندا پانی ڈسپوزل نمبر 1،2،3 منکیرہ | 20,000/- | 2,000/- | ایضاً |
| 5 | ردی اخبار | | 2,000/- | |

## المشتہر

تحصیل میونسپل آفیسر　　　ایڈمنسٹریٹر

تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن منکیرہ ضلع بھکر